## ثنائے رسولؐ

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانیؔ

# اللہ اللہ مصطفیؐ ہے بس دلیلِ مصطفیؐ

روح پرور کس قدر یہ قال و قیلِ مصطفیؐ
لب پہ جاری دم بدم ذکرِ جمیلِ مصطفیؐ

اللہ اللہ حوضِ کوثر ساقیء کوثر کا فیض
مرحبا آب زلالِ سلسبیلِ مصطفیؐ

لامکاں پر ہوگئے ہمرازِ رب العالمیں
یہ مقام و مرتبہ شانِ جلیلِ مصطفیؐ

باعث تنویرِ خورشید و قمر صد آفریں
نازشِ کون و مکاں وجہِ شکیلِ مصطفیؐ

پیکر خلقِ عظیم و عکسِ قرآنِ کریم
اللہ اللہ مصطفیؐ ہے بس دلیلِ مصطفیؐ

رحمۃ للعالمین و کافۃً للناس ہے
روح عالم ایک ذاتِ بے عدیلِ مصطفیؐ

جنبشِ ابرو پہ تیری ہر دو عالم ہیں نثار
فانیؔ عاصی بھی اک ادنیٰ قتیلِ مصطفیؐ

© rasailojaraid.com